# عورتوں سے مصافحہ کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ انگلینڈ میں جب کوئی مسلمان کسی جوب کے انٹرویو کے لیے جاتا ہے تو وہاں اسے فیمیل سے شیک ہینڈیعنی مصافحہ کرنا پڑتا ہے ۔کیا اس کی اجازت ہے اگردونوں طرف شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔اگر نہیں تو یہ کیوں منع ہے کیااس پر کوئی دلیل ہے۔

سائل: وسیم فرام برمنگھم-انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃ الحَق والصواب

اجنبیہ عورتوں سے ہاتھ ملانا جائز نہیں ہے کیونکہ اجنبیہ عورت کے بدن کے کسی حصہ کو بلاضرورت چھونا حرام ہے اگرچہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو ۔ انٹرویو کے لیے ہاتھ ملانا کوئی ضرورت نہیں اس کے بغیر بھی انٹرویوہوسکتا لہذا اس صورت ان سے مصافحہ جائز نہیں۔

فقہ حنفی کی معتبر کتاب ہدایہ میں ہے:

**"(وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَمَسَّ وَجْهَهَا وَلَا كَفَّيْهَا وَإِنْ كَانَ يَأْمَنُ الشَّهْوَةَ) لِقِيَامِ الْمُحَرَّمِ وَانْعِدَامِ الضَّرُورَةِ وَالْبَلْوَى"**کسی مرد کو اجنبیہ عورت کے چہرے اورہاتھ کو چھونا حلال نہیں اگرچہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو اور حرام کردہ کام کے پائے جانے اور عدم ضرورت کی وجہ سے۔

("الھدایۃ"،کتاب الکراھیۃ، فصل في الوطء والنظر واللمس،ج۲،ص۳۶۸)

آگے اسی کتاب میں ہے :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ**"مَنْ مَسَّ كَفَّ امْرَأَةٍ لَيْسَ مِنْهَا بِسَبِيلٍ وُضِعَ عَلَى كَفِّهِ جَمْرَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"**جس نے عورت کی ہتھیلی کو بغیر کسی ضرورت کے چھوا تو قیامت کے دن اس کی ہتھیلی پر انگارہ رکھاجائے گا۔

("الھدایۃ"،کتاب الکراھیۃ، فصل في الوطء والنظر واللمس،ج۲،ص۳۶۸)

اسی لیے حضور اقدس صلی اللہتعالٰی علیہ وسلم بیعت کے وقت بھی عورتوں سے مصافحہ نہ فرماتے صرف زبان سے بیعت لیتے۔ چُنانچہ اُمُّ الْمُؤمِنِین حضرتِ سَیِّدَتُنا عائِشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:تاجدارِرسالت ، شَہَنْشاہِ نُبُوَّت ، پیکرِ جُودو سخاوت، سراپا رَحمت، محبوبِ ربُّ العزّت عَزَّوَجَلَّ و صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم جن عورَتوں کوبَیعت کرتے اُن سے فرماتے،"جاؤمیں نے تمہیں بَیعَت کیا۔

**وَاللَّهِ مَا مَسَّتْ يَدُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ،"** خُدا کی قسم! بَیعَت کرنے میں آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا مبارک ہاتھ کبھی کسی عورت کے ہاتھ کے ساتھ نہیں چُھوا۔

(ابن ماجہ ج۳ص۳۹۸ حدیث ۲۸۷۵)

اورحضرتِ سیِّدتُنا اُمَیْمَہ بنتِ رُقَیْقَہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں چند خواتین کے ساتھ سرکارِدو عالَم،نورِ مُجسَّم،شاہِ بنی آدم ،رسولِ اکرم صَلَّی اللہ تَعَالیٰ علیہ وَالہٖ وَسلَّم سے بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوئی۔ آپ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ و سلَّم نے فرمایا: **" اِنّی لَا اُصَافِحُ النِّسَاء"** یعنی میں عورَتوں سے مُصافَحَہ نہیں کرتا۔یعنی ہاتھ نہیں ملاتا۔

(سُنَن ابن ماجہ ج۳ ص۳۹۸ حدیث ۲۸۷۴ )

اورعورتوں سے ہاتھ ملا نے پر عذاب کی وعید ہے چُنانچہ حضرتِ فَقیہ ابو اللَّیث سَمرقندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نَقل فرماتے ہیں: دُنیا میں اَجْنَبِیَّہ عورت سے ہاتھ مِلانے والا بَروزِ قِیامت اِس حال میں آئے گا کہ اُس کے ہاتھ اُس کی گردن میں آگ کی زنجیروں کے ساتھ بندھے ہو ں گے۔

( قرۃ العیون مع روض الفائق ص ۳۸۹)

اب یہاں وہ پیر حضرات بھی عبرت حاصل کریں جو اپنی مریدہ عورتوں کے ہاتھ میں ہاتھ ڈال کربیعت کرتے اور حرام کے مرتکب ہوتے ہیں۔نعوذباللہ من ذالک

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

## RULING REGARDING SHAKING HANDS WITH WOMEN

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding the following matter; whenever a person goes for a job interview in England, he has to shake hands with a female. Is this permissible?**

Questioner: Wasim from Birmingham, England

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايۃَ الحَق والصواب

It is not permissible to shake hands with non-*mahram* women. It is *haram* (prohibited) to touch any part of a non-*mahram* woman's body without any need, even if there is no fear of lustful desire. A handshake is not necessary in an interview. An interview can be done even without a handshake. Thus, a handshake is not permissible in this case.

It is mentioned in one of the most authentic works of the Hanafi school, al-Hidayah:

**"(وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَمَسَّ وَجْهَهَا وَلَا كَفَّيْهَا وَإِنْ كَانَ يَأْمَنُ الشَّهْوَةَ) لِقِيَامِ الْمُحَرَّمِ وَانْعِدَامِ الضَّرُورَةِ وَالْبَلْوَى**

Translation: "It is not permissible for a man to touch the face and hands of a non-*mahram* woman, even if there is no fear of lustful desire. This is because it contains a prohibited act and is not done out of any necessity." [al-Hidayah, vol. 2, pg. 368]

It is mentioned further in the same book:

The Messenger of Allah ﷺ stated:

**مَنْ مَسَّ كَفَّ امْرَأَةٍ لَيْسَ مِنْهَا بِسَبِيلٍ وُضِعَ عَلَى كَفِّهِ جَمْرَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ**

Translation: "Whomsoever touches a woman's palm without any need, a cinder will be placed on his hand on the Day of Resurrection." [al-Hidayah, vol. 2, pg. 368]

Due to this, the Messenger of Allah ﷺ would not shake hands with women even while taking a pledge of allegiance. He ﷺ would take the pledge verbally.

Sayyidah ‘Aishah (may Allah be pleased with her) the wife of the Prophet ﷺ said: “When the believing women emigrated to the Messenger of Allah ﷺ they would be tested in accordance with Allah’s saying: ‘O Prophet! When believing women come to you to give you the pledge...’” [60:12]

Sayyidah ‘Aishah (may Allah be pleased with her) said: “Whoever among the believing women affirmed this, passed the test. When they affirmed that, the Messenger of Allah ﷺ would say to them: ‘Go, for you have given your pledge.’ No, by Allah! The hand of the Messenger of Allah ﷺ never touched the hand of any woman, rather he accepted their pledge in words only.” ‘Aishah (may Allah be pleased with her) said: “By Allah, the Messenger of Allah ﷺ did not demand of women (in their pledge) anything other than that which Allah had commanded, and the hand of the Messenger of Allah ﷺ never touched the hand of a woman. He would say to them, when he had accepted their pledge: ‘You have given your pledge,’ verbally.” [Sunan Ibn Majah, hadith no. 2875]

Sayyidah Umaimah bint Ruqaiqah (may Allah be pleased with her) said: “I came to the Prophet ﷺ with some women, to offer our pledge of allegiance to him. He ﷺ said to us: ‘(I accept your pledge) regarding what you are able to do. But I do not shake hands with women.’” [Sunan Ibn Majah, hadith no. 2874]

Torment has been promised for shaking hands with (non-mahram) women. The jurist, Abu al-Layth al-Samarqandi (may Allah have mercy upon him) records, “A person who shook hands with non-mahram women will be brought on the Day of Resurrection in a state in which his hands will be tied to his neck, with chains of fire.” [Rawd al-Fa’iq ma’ Qurrat al-‘Uyun, pg. 389]

Those spiritual guides who take the pledge of allegiance from their female followers by touching their hands and thus commit a prohibited act must find edification (in the above statements). We seek refuge in Allah (from such misdeeds).

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**

**Translated by the SeekersPath Team**